| | | | |
|---|---|---|---|
| تیسری سہ ماہی | جماعت: اوّل | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 9 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب پنجم: ہدایت کے سرچشمے اور مشاہیرِ اسلام | سبق کا نام: انبیائے کرام علیہم السلام کا تعارف |

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- انبیائے کرام علیہم السلام کی صفات کے بارے میں مختصر طور پر جان سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں انسانوں کی ہدایت اور راہ نمائی کے لیے اس دنیا میں کم و بیش ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیائے کرام علیہم السلام بھیجے گئے۔ تمام انبیائے کرام علیہم السلام نے لوگوں کو اللہ تعالیٰ کے پیغام سے آگاہ کیا۔ انھوں نے اپنی زندگی کو نمونہ کے طور پر پیش کیا تاکہ اُن کی پیروی کر کے لوگ دنیا و آخرت میں کامیابی حاصل کر سکیں۔

**طریقہ تدریس:** 20 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو بتائیں تمام نبی سچے اور معصوم یعنی ہر گناہ سے پاک تھے۔
- تختہ تحریر پر انبیائے کرام علیہم السلام کی صفات لکھیں۔
- تمام انبیائے کرام علیہم السلام نیک اور پرہیز گار تھے۔ وہ لوگوں کی مدد کرتے تھے۔ ہمیشہ سچ بولتے تھے۔ دوسروں کی امانتوں کا خیال رکھتے تھے۔ سب سے اچھا سلوک کرتے تھے۔
- طلبہ سے انبیائے کرام علیہم السلام کی صفات کی بلند خوانی کروائیں۔
- انھیں بتائیں ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بھی اخلاق کے اعلیٰ درجے پر فائز ہیں آپ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بھی:
  - ہمیشہ سچ بولتے۔
  - دوسروں کی مدد کرتے۔

- بڑوں کا ادب اور چھوٹوں سے پیار کرتے۔
- جب بھی بات کرتے نرمی سے کرتے۔
- وعدہ کرتے تو اُسے پورا کرتے۔

- انھیں بتائیں کہ ہمیں چاہیے کہ ہم زندگی کے ہر پہلو میں حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کی صفات کی پیروی کریں۔

**مشکل الفاظ اور ان کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| مصروف | مَص۔روف | مشغول۔کام میں لگا ہوا |
| راضی | را۔ضی | خوش |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**


طلبہ سے مشق جزو (۲) کا سوال کتاب پر حل کروائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

**سوال: انبیائے کرام علیہم السلام کی صفات لکھیں۔**



| | | | |
|---|---|---|---|
| تیسری سہ ماہی | جماعت: اوّل | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 2 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 9 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب پنجم: ہدایت کے سر چشمے اور مشاہیرِ اسلام | سبق کا نام: انبیائے کرام علیہم السلام کا تعارف |

**حاصلاتِ تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- یہ جان لیں کہ پہلے نبی حضرت آدم علیہ السلام اور حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ آخری نبی اور رسول ہیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر چاک/ بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں سب سے پہلے نبی حضرت آدم علیہ السلام اور حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ آخری نبی ہیں یعنی نبوّت کا جو سلسلہ حضرت آدم علیہ السلام سے شروع ہوا وہ حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ پر آکر ختم ہوا۔ اب آپ خاتم النبیین ﷺ کی تمام تعلیمات پر عمل کرنے سے ہی دنیا و آخرت میں کامیابی اور کامرانی نصیب ہو گی۔

**طریقہ تدریس:** 20 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو بتائیں حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کے آخری نبی ہونے کا مطلب ہے کہ قیامت تک آپ خاتم النبیین ﷺ کے بعد کوئی نبی نہیں آئے گا۔ آپ خاتم النبیین ﷺ ہی آخری نبی اور سر چشمہ ہدایت ہیں۔ آپ خاتم النبیین ﷺ کے بعد اگر کوئی نبوت کا دعویٰ کرے تو وہ جھوٹا اور کذاب ہے اور دائرہ اسلام سے خارج ہوتا ہے۔
- طلبہ کو بتائیں جیسے پہلے انبیائے کرام علیہم السلام پر اللہ تعالیٰ نے کتابوں اور صحیفوں کی صورت میں اپنے احکامات نازل کیے۔ اسی طرح آپ خاتم النبیین ﷺ پر اللہ تعالیٰ نے اپنی آخری کتاب قرآن مجید نازل کی۔
- طلبہ کو تاکید کریں کہ ہمیں چاہیے کہ قرآن مجید کو پڑھیں، سمجھیں اور اس کی تعلیمات پر عمل کریں تاکہ دین و دنیا میں سر خرو ہو سکیں۔

## مشکل الفاظ اور ان کو پڑھانے کا طریقہ: 5منٹ

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| صحیفہ | صَ۔حی۔فَہ | چھوٹی کتابیں جو بعض پیغمبروں پر نازل |
| اطاعت | اِ۔طا۔عت | فرماں برداری |

## اعادہ: 2منٹ

پڑھائے گئے سبق کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

## جائزہ: 6منٹ

طلبہ سے پوچھیں اللہ تعالیٰ نے آپ خاتم النبیین ﷺ پر کون سی آسمانی کتاب نازل کی؟

## گھر کا کام: 2منٹ

ورک شیٹ حل کریں۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

سوال: کالم الف کو کالم ب سے ملائیں۔

| کالم الف | کالم ب |
|---|---|
| اللہ تعالیٰ کے پہلے نبی | حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ ہیں۔ |
| اللہ تعالیٰ کے آخری نبی | کے بعد قیامت تک کوئی نبی اور رسول نہیں آئے گا۔ |
| ہم پر فرض ہے کہ | حضرت آدم عَلَيْهِ السَّلَام ہیں۔ |
| حضرت محمد رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ | تمام نبیوں پر ایمان لائیں۔ |

سوال: چار مشہور نبیوں کے نام لکھیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ______ | ______ | ______ | ______ |

| تیسری سہ ماہی | جماعت: اوّل | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 3 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ________ | ہفتہ: 9 | تاریخ: ________ | وقت: 40 منٹ |

| بابِ اوّل: قرآن مجید و حدیث نبوی ﷺ | سبق کا نام: دعائیں (دہرائی) |
|---|---|

**حاصلاتِ تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- علم میں اضافے کی دُعا کو زبانی یاد کر سکیں۔
- دُعا یاد کر کے اپنی روزمرہ زندگی میں پڑھنے کے عادی ہو سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ۔

**طریقہ تدریس:** 5 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو سبق ''دعائیں'' کی دہرائی کروائیں۔
- طلبہ کو ورک شیٹ دیں اور ہدایت دیں کہ دیے گئے وقت کے مطابق ورک شیٹ کو مکمل کریں۔
- طلبہ کے سامنے ورک شیٹ کو بآواز بلند پڑھیں اور انھیں ہدایت دیں کہ سوال کو غور سے پڑھیں اور جواب دیں۔

**اعادہ:** 15 منٹ

ورک شیٹ وقت پر مکمل کرنے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔ ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**جائزہ:**

N/A

**گھر کا کام:**

N/A

ورک شیٹ — 20منٹ

سوال 1: علم میں اضافے کی دُعا پڑھیں اور رنگ بھریں۔

# رَبِّ زِدْنِي عِلْمًا

سوال2: دُعا کا ترجمہ اساتذہ کرام کو زبانی سنائیں۔